# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 14مارچ ،2018ء

نمل (نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز) کے اساتذہ اور طلباء نے آج مورخہ 14 مارچ کو الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ کیا۔

الیکشن کمیشن کے ایڈیشنل سیکرٹری (ٹریننگ)اور ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) نے یونیورسٹی کے وفد کا استقبال کیا اور انہیں الیکشن کمیشن کی عام انتخابات کی تیاریوں پر مفصل بریفنگ دی۔

نمل کے وفد نے الیکشن کمیشن کا شکریہ ادا کیا اور الیکشن کمیشن کی خواتین بطور ووٹر اندراج کے مہم کو سہراہتے ہوئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

پروگرام کے اختتام پر طلباء کے ساتھ سوالات وجوابات کا بھرپور سیشن ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆